سات منزلوں پر مشتمل مکمل

الحزب الاعظم (مترجم)

قرآن وحدیث سے ماخوذ مستند دعاوں کا مجموعہ

بروز پیر

مولف: ملا علی قاری رحمہ اللہ

ترجمہ: مولانا سید بدر عالم میرٹھی

پیشکش: www.EislamicBook.com

اَلْمَنْزِلُ الثَّالِثُ فِیْ یَوْمِ الْاِثْنَیْنِ

تیسری منزل پیر کی (یعنی سوموار کی)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ بِتَرْکِ الْمَعَاصِیْ اَبَدًا مَّا اَبْقَیْتَنِیْ وَ

اے اللہ مجھ پر تو مہربانی فرما تاکہ جب تک تو مجھے زندہ رکھے میں ہمیشہ کیلئے گناہوں کو چھوڑ دوں

ارْحَمْنِیْ اَنْ اَتَکَلَّفَ مَا لَا یَعْنِیْنِیْ وَارْزُقْنِیْ حُسْنَ

اور مجھ پر رحم فرما کہ ایسے کاموں میں نہ پڑوں جو میرے مطلب کے نہ ہوں اور مجھے ان باتوں

النَّظَرِ فِیْمَا یُرْضِیْکَ عَنِّیْ۔ اَللّٰھُمَّ بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَ

کی فکر نصیب فرما جو تجھکو مجھ سے خوش رکھیں، اے اللہ آسمانوں اور زمین کے بنانے والے

الْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَالْعِزَّۃِ الَّتِیْ لَا

اے بزرگی اور بخشش والے اور ایسی عزت والے جس کے حاصل ہونیکا کسی کو وہم و گمان بھی نہیں

تُرَامُ، اَسْئَلُکَ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِکَ وَنُوْرِ

ہو سکتا۔ اے اللہ اے سب سے بڑھکر مہربان میں تیری بزرگی اور تیرے روئے انور کا واسطہ دیکر تجھ سے

وَجْھِکَ اَنْ تُلْزِمَ قَلْبِیْ حِفْظَ کِتَابِکَ کَمَا عَلَّمْتَنِیْ

یہ سوال کرتا ہوں کہ جیسا تو نے مجھے اپنی کتاب مقدس کا علم عنایت فرمایا ہے ایسا ہی میرے دل کو

وَارْزُقْنِیْ اَنْ اَتْلُوَہٗ عَلَی النَّحْوِ الَّذِیْ یُرْضِیْكَ عَنِّیْ،

اسکا حفظ کرنا بھی نصیب کردے اور مجھکو اسکی تلاوت کرنی اسطرح میسر فرمادے جس سے تو مجھ سے خوش ہوجائے

اَللّٰھُمَّ بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ

اے اللہ آسمانوں اور زمین کے بنانے والے اے بزرگی و بخشش والے اور ایسی عزت والے جس کا وہم و

وَالْاِکْرَامِ وَالْعِزَّۃِ الَّتِیْ لَا تُرَامُ، اَسْئَلُكَ یَا اَللّٰہُ

گمان بھی کسی کو نہیں ہوسکتا، اے اللہ اے سب سے بڑھکر مہربان میں تیری بزرگی کا واسطہ دیکر

یَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْھِكَ اَنْ تُنَوِّرَ بِكِتَابِكَ

یہ مانگتا ہوں کہ تو اپنی کتاب سے میری آنکھیں منور کر اور میری زبان سے اس کو جاری کردے

بَصَرِیْ وَاَنْ تُطْلِقَ بِہٖ لِسَانِیْ وَاَنْ تُفَرِّجَ بِہٖ عَنْ

اور اس کی برکت سے میرے دل سے غم دور کردے اور میرا سینہ کھول دے اور میرے سارے بدن

قَلْبِیْ وَاَنْ تَشْرَحَ بِہٖ صَدْرِیْ وَاَنْ تَسْتَعْمِلَ بِہٖ

کو اس پر عمل کرنے میں لگادے کیونکہ صحیح بات میں سوا تیرے میری مدد کوئی نہیں کرے گا

بَدَنِیْ فَاِنَّہٗ لَا یُعِیْنُنِیْ عَلَی الْحَقِّ غَیْرُكَ وَلَا

اور نہ اس کو سوا تیرے کوئی اور دے گا۔ نہ مجھ میں بھلائی کرنے کی

یُؤْتِیْہِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

طاقت ہے اور نہ برائی سے بچنے کی قوت مگر صرف اللہ بلند و

الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَتُوْبُ اِلَيْكَ مِنَ

برتر کی توفیق سے۔ اے اللہ میں تیری جناب میں اپنی تمام نافرمانیوں سے

الْمَعَاصِيْ لَا اَرْجِعُ اِلَيْهَا اَبَدًا ۰ اَللّٰهُمَّ مَغْفِرَتُكَ

توبہ کرتا ہوں اب کبھی پھر ایسا نہیں کروں گا۔ اے اللہ تیری بخشش میرے گناہوں

اَوْسَعُ مِنْ ذُنُوْبِيْ وَرَحْمَتُكَ اَرْجٰى عِنْدِيْ مِنْ

سے کہیں زیادہ گنجائش رکھتی ہے اور تیری رحمت میرے عملوں سے کہیں زیادہ اُمید کے

عَمَلِيْ ۰ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنَّا ۰

لائق ہے۔ اے اللہ تیرا نام "عفو" یعنی بڑی بخشش کرنیوالا ہے تو معاف کرنا پسند کرتا ہے لہٰذا ہم سبکو معاف کردے

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ

اے اللہ حرام کے بدلے تو مجھے میری ضرورت کے مناسب حلال روزی عطا فرما اور اپنے

بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ۰ اَللّٰهُمَّ فَارِجَ الْهَمِّ كَاشِفَ

فضل سے اپنے ماسوا سے بے نیاز کردے۔ اے اللہ فکر کے دور کرنیوالے، رنج کے زائل

الْغَمِّ مُجِيْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَ

کرنیوالے، مجبوروں کی پکار سننے والے، اے دُنیا اور آخرت میں سب سے بڑے مہربان اور

الْاٰخِرَةِ وَرَحِيْمَهُمَا اَنْتَ تَرْحَمُنِيْ فَارْحَمْنِيْ بِرَحْمَةٍ

رحم کھانے والے بس تو ہی مجھ پر رحم فرمائے گا، تو مجھ پر ایسی رحمت فرمادے

تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَنْ رَّحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ. اَللّٰهُمَّ رَبَّ

کہ تیرے سوا مجھے کسی دوسرے کی مہربانی کی ضرورت نہ رہے۔ اے آسمانوں اور

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اِنِّيْ

زمین کے پروردگار، پوشیدہ اور کھلے کے جاننے والے میں اس دُنیا کی

اَعْهَدُ اِلَيْكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا اَنِّيْ اَشْهَدُ

زندگی میں تجھ سے پکا وعدہ کرتا ہوں اس بات پر کہ میں دل سے گواہی دیتا

اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَ

ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ بس تو ایک ہے تیرا کوئی شریک نہیں اور دل سے گواہی

اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ فَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى

دیتا ہوں کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں پس تو مجھکو میرے نفس کے سپرد

نَفْسِيْ فَاِنَّكَ اِنْ تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ تُقَرِّبْنِيْ مِنَ

نہ فرما کیونکہ اگر تو مجھ کو خود میرے نفس کے حوالے کردے گا تو یقیناً (اس کا نتیجہ یہ ہوگا) کہ وہ بُرائی

الشَّرِّ وَتُبَاعِدْنِيْ مِنَ الْخَيْرِ وَاِنِّيْ لَآ اَثِقُ اِلَّا

سے مجھ کو قریب کردیگا اور بھلائی سے دُور ڈال دیگا مجھے بس تیری رحمت پر بھروسہ

بِرَحْمَتِكَ فَاجْعَلْ لِّيْ عِنْدَكَ عَهْدًا تُوَفِّيْنِيْهِ

ہے، اس لئے اپنے یہاں (بخشش و رحمت کا عہد فرما جس کو قیامت کے دن

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ○ اَسْتَغْفِرُ

پورا فرمانا یقینا تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔ میں اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگتا

اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ

ہوں اوراسی کے سامنے توبہ کرتا ہوں جسکے سوا معبود کوئی نہیں اور جو ہمیشہ خود زندہ رہنے والا ہے اور ساری مخلوق

اِلَیْهِ. رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ

کی ہستی کو قائم رکھنے والا ہے۔ اے میرے پروردگار مجھکو بخشدے اور میری توبہ قبول فرما لے کیونکہ تیرا نام تواب اور رحیم ہے

الرَّحِیْمُ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَ

(یعنی سب سے بڑھکر توبہ قبول کرنیوالا مہربان) اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں عجز اور کاہلی

الْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْهَرَمِ وَالْمَغْرَمِ وَالْمَاْثَمِ

بزدلی اور سخت بڑھاپے، مُفت کا تاوان بھرنے اور گناہ سے،

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ وَفِتْنَةِ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں دوزخ کے عذاب اور اسکی آزمائش سے

النَّارِ وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَشَرِّ فِتْنَةِ

قبر کی آزمائش اور اس کے عذاب سے مالداری کی آزمایش کے

الْغِنٰی وَشَرِّ فِتْنَةِ الْفَقْرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْقَسْوَةِ

شر سے اور فقیری کی آزمائش کے شر سے (یعنی نہ مال کی آزمائش میں پڑوں اور نہ تنگدستی کی)

وَالْغَفْلَةِ وَالْعَيْلَةِ وَالذِّلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ وَاَعُوْذُبِكَ

اور تیری پناہ لیتا ہوں سخت دل ہونے اور غفلت سے اور حد درجہ احتیاج اور ذلت وخواری سے اور

مِنَ الْفَقْرِ وَالْكُفْرِ وَالْفُسُوْقِ وَالشِّقَاقِ وَالسُّمْعَةِ

تیری پناہ لیتا ہوں محتاجی سے، کفر، نافرمانی اور ہٹ دھرمی سے اور شہرت اور دکھاوے

وَالرِّيَآءِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الصَّمَمِ وَالْبَكَمِ وَالْبَرَصِ

کیلئے عمل کرنے سے اور تیری پناہ لیتا ہوں بہرے اور گونگے ہونے سے، جسم پر سفید داغ پڑنے،

وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَسَيِّئِ الْاَسْقَامِ. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

دیوانگی اور کوڑھ سے اور بقیہ جتنی خراب خراب بیماریاں ہیں سب سے۔ اے اللہ میں

اَعُوْذُبِكَ بِعِزَّتِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَنْ تُضِلَّنِیْ

تیری پناہ لیتا ہوں تیری عزت کے صدقہ میں معبود کوئی نہیں صرف تو ہے اس بات سے کہ

اَنْتَ الْحَیُّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وَالْجِنُّ وَالْاِنْسُ

تو مجھ کو گمراہ کردے تو ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے کبھی فنا ہونیوالا نہیں اور (تیرے سوا) جنات ہوں یا انسان

یَمُوْتُوْنَ. اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِكَ مِنْ جُهْدِ الْبَلَآءِ

سب ایکدن مرنیوالے ہیں۔ اے اللہ ہم تیری پناہ لیتا ہوں آزمائش کی سختی اور بدبختی کی گرفت سے

وَدَرَكِ الشَّقَآءِ وَسُوْٓءِ الْقَضَآءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ

اور اس بات سے کہ مقدرات کے فیصلوں سے میرے دل میں تنگی پیدا ہو اور دشمنوں کے ہنسی اڑانے سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَلِمْتُ وَمِنْ شَرِّ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں ان چیزوں کی برائی سے جن کو میں جانتا ہوں اور ان کی برائی

مَا لَمْ اَعْلَمْ. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ

سے بھی جن کو میں نہیں جانتا۔ اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں اس عمل کے برے نتیجے سے جو میں

وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ اَعْمَلْ. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ

نے کیا ہے اور اس سے بھی جو میں نے نہیں کیا۔ اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں اس بات سے کہ تیری

مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ وَفُجَاءَةِ

موجودہ نعمت جاتی رہے اور تیری عافیت مجھ سے اپنا رُخ پھیر لے اور تیرے ناگہانی عذاب سے اور تیرے تمام

نِقْمَتِكَ وَجَمِيْعِ سَخَطِكَ. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ

غصہ کے اسباب سے۔ اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں اپنے کان کی برائی سے آنکھ کی برائی سے

مِنْ شَرِّ سَمْعِیْ وَمِنْ شَرِّ بَصَرِیْ وَمِنْ شَرِّ لِسَانِیْ

زبان کی برائی سے قلب کی برائی سے (یعنی غیبت سننے، بدنظری، ناجائز گفتگو اور کینہ وغیرہ سے)

وَمِنْ شَرِّ قَلْبِیْ وَمِنْ شَرِّ مَنِیِّیْ. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ

اور اپنی منی کی برائی سے (کہ اسکے ہیجان سے زنا کی رغبت ہو) اے اللہ میں تیری پناہ لیتا

اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَدْمِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ التَّرَدِّیْ

ہوں اس بات سے کہ میرے اوپر مکان وغیرہ آگرے یا میں مکان وغیرہ سے نیچے آگروں اور تیری پناہ

وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ وَالْهَرَمِ وَ

لیتا ہوں پانی میں ڈوب جانے یا آگ وغیرہ میں جل جانے سے اور سخت بڑھاپے سے اے

اَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ يَّتَخَبَّطَنِىَ الشَّيْطَانُ عِنْدَ

اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں اس بات سے کہ مرتے وقت شیطان مجھ کو ورغلائے اور بہکائے

الْمَوْتِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اَمُوْتَ فِىْ سَبِيْلِكَ

اور تیری پناہ لیتا ہوں اس بات سے کہ جہاد میں پیٹھ موڑ کر مروں اور تیری پناہ

مُدْبِرًا وَّاَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اَمُوْتَ لَدِيْغًا. اَللّٰهُمَّ

لیتا ہوں اس بات سے کہ زہریلے جانوروں کے ڈسنے سے مروں۔ اے اللہ میں

اِنِّىْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مُّنْكَرَاتِ الْاَخْلَاقِ وَالْاَعْمَالِ

تیری پناہ لیتا ہوں ناپسندیدہ اخلاق سے، برے اعمال سے نفسانی خواہشات

وَالْاَهْوَآءِ وَالْاَدْوَآءِ. اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ

سے اور تمام بیماریوں سے، اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں وہ سب

مَا سَاَلَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اچھی اچھی باتیں جو تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے تجھ سے مانگی ہیں اور ان تمام

وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ

بری بری باتوں کے شر سے پناہ لیتا ہوں جن سے تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم

مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ

نے تیری پناہ لی ہے۔ تو ہی وہ ذات ہے جس سے مدد مانگی جاتی ہے۔ تیرا کام حق

وَعَلَيْكَ الْبَلَاغُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ

پہنچا دینا ہے اور اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر نہ کسی میں نیکی کرنے کی طاقت ہے نہ برائی سے

الْعَظِيْمِ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ جَارِ السُّوْءِ

بچنے کی قوت، اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں برے پڑوس سے اپنے سکونت

فِيْ دَارِ الْمُقَامَةِ فَاِنَّ جَارَ الْبَادِيَةِ يَتَحَوَّلُ وَ

کے گھر میں کیونکہ جنگل (یعنی سفر) کا پڑوسی تو چلا بھی جاتا ہے (اور سکونت کے گھر والا دیر پا

مِنَ الْجُوْعِ فَاِنَّهٗ بِئْسَ الضَّجِيْعُ وَمِنَ الْخِيَانَةِ

ہوتا ہے) اور بھوک کی شدت سے کیونکہ وہ بستر کی بری رفیق ہے اور خیانت سے

فَاِنَّهَا بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ

کیونکہ وہ انسان کے اندرون کی بری خصلت ہے۔ اے اللہ میں پناہ لیتا ہوں ایسے علم سے

مِنْ عِلْمٍ لَّا يَنْفَعُ وَقَلْبٍ لَّا يَخْشَعُ وَدُعَاءٍ لَّا يُسْمَعُ

جو نفع نہ دے اور ایسے قلب سے جو تجھ سے نہ ڈرے اور ایسی دعا سے جس کی شنوائی نہ ہو، اور ایسے

وَنَفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَمِنْ هٰؤُلَاءِ الْاَرْبَعِ. اَللّٰهُمَّ

حریص نفس سے جس کی نیت نہ بھرے غرض ان چاروں باتوں سے۔ اے اللہ میں تیری

إِنَّا نَعُوذُ بِكَ أَنْ نَّرْجِعَ عَلَىٰ أَعْقَابِنَا أَوْ نُفْتَنَ عَنْ

پناہ لیتا ہوں اس بات سے کہ خود ہم پھر کفر کی طرف الٹے پاؤں واپس ہوں یا اپنے دین میں مخالفین کی

دِينِنَا. اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوذُ بِكَ مِنْ يَوْمِ السُّوْءِ

جانب سے فتنہ میں ڈالے جائیں۔ اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں بُرے دن

وَمِنْ لَّيْلَةِ السُّوْءِ وَمِنْ سَاعَةِ السُّوْءِ وَمِنْ

اور بُری رات سے اور ہر بُری گھڑی سے اور بُرے

صَاحِبِ السُّوْءِ وَمِنْ جَارِ السُّوْءِ فِيْ دَارِ الْمُقَامَةِ.

ساتھی سے اور اپنے سکونت کے گھر کے بُرے پڑوسی سے

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوذُ بِكَ مِنَ الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں ضد سے نفاق سے اور تمام بُرے اخلاق سے

سُوْءِ الْأَخْلَاقِ. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ جِدِّيْ وَهَزْلِيْ

اے اللہ میرے سب گناہ بخشدے خواہ وہ میں نے گناہ کرنے کے ارادے سے کئے ہوں یا

وَخَطَأِيْ وَعَمَدِيْ وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِيْ. اَللّٰهُمَّ

ہنسی مذاق میں بھول چوک کر کئے ہوں یا جان بوجھ کر اور یہ سب ہی قسم کے گناہ میری گردن پر ہیں

مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ

اے اللہ اے دلوں کو پھیر دینے والے تو ہمارے دلوں کو اپنی فرمانبرداری کی طرف پھیر دے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ الۡهُدٰی وَالتُّقٰی وَالۡعَفَافَ

اے اللہ میں تجھ سے ہدایت، پرہیزگاری، پاکبازی اور تیرے ماسوا سے بے نیازی

وَالۡغِنٰی رَبِّ اَعِنِّیۡ وَلَا تُعِنۡ عَلَیَّ وَانۡصُرۡنِیۡ وَ

کا طالب ہوں، اے میرے پروردگار میری مدد فرما اور میرے خلاف کسی کی مدد نہ فرما، مجھ کو

لَا تَنۡصُرۡ عَلَیَّ وَامۡكُرۡ لِیۡ وَلَا تَمۡكُرۡ عَلَیَّ وَاهۡدِنِیۡ

کامیاب کر اور میرے دشمن کو مجھ پر کامیاب نہ کر، میرے لئے خفیہ تدبیر فرما اور میرے مخالف

الۡهُدٰی وَیَسِّرِ الۡهُدٰی لِیۡ وَانۡصُرۡنِیۡ عَلٰی مَنۡ بَغٰی

کے لئے تدبیر نہ فرما، مجھے ہدایت دے اور میرے لئے ہدایت کا راستہ آسان کر دے اور جو شخص

عَلَیَّ رَبِّ اجۡعَلۡنِیۡ لَكَ ذَكَّارًا لَّكَ شَكَّارًا لَّكَ

مجھ پر ظلم کرے اسکے مقابلہ میں میری مدد فرما، اے میرے پروردگار مجھ کو بنا لے مبالغہ کے ساتھ

رَهَّابًا لَّكَ مِطۡوَاعًا لَّكَ مُخۡبِتًا اِلَیۡكَ اَوَّاهًا

اپنی یاد کرنے والا اپنا بڑا شکر گذار اپنے سے بہت ڈرنے والا اپنا بہت فرمانبردار اپنی طرف

مُّنِیۡبًا رَبِّ تَقَبَّلۡ تَوۡبَتِیۡ وَاغۡسِلۡ حَوۡبَتِیۡ وَ

گڑگڑانے والا اور آہ وزاری کے ساتھ متوجہ ہونیوالا، اے میرے پروردگار میری توبہ قبول کر لے

اَجِبۡ دَعۡوَتِیۡ وَثَبِّتۡ حُجَّتِیۡ وَسَدِّدۡ لِسَانِیۡ

میرے گناہ دھو ڈال میری دعا قبول فرما، میری حجت مضبوط کر دے میری زبان کو سیدھا رکھ

وَاهْدِ قَلْبِیْ وَاسْلُلْ سَخِیْمَةَ صَدْرِیْ. اَللّٰهُمَّ

میرے دل کو راہ راست پر لگا اور میرے دل کی سوزش (یعنی کینہ) نکالدے۔ اے اللہ

اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَارْضَ عَنَّا وَتَقَبَّلْ مِنَّا وَاَدْخِلْنَا

ہم کو بخشدے ہم پر رحم فرما ہم سے راضی ہوجا ہمارے اعمال قبول کرلے اور ہمکو جنت

الْجَنَّةَ وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ وَاَصْلِحْ لَنَا شَاْنَنَا كُلَّهٗ.

میں داخل کر اور ہمیں عذاب دوزخ سے نجات دے اور ہماری ساری حالتیں درست کردے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الثَّبَاتَ فِی الْاَمْرِ وَاَسْئَلُكَ

اے اللہ میں تجھ سے دین پر مضبوطی کے ساتھ قائم رہنے کا طالب ہوں اور نیکی پر پختہ ارادہ

عَزِیْمَةَ الرُّشْدِ وَاَسْئَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ وَحُسْنَ

مانگتا ہوں اور تیری نعمت پر شکر گذاری اور تیری عبادت کو حسن وخوبی کے ساتھ ادا کرنے کا

عِبَادَتِكَ وَاَسْئَلُكَ لِسَانًا صَادِقًا وَّقَلْبًا سَلِیْمًا وَّ

طالب ہوں اور سچی زبان شکوک وشبہات سے پاک صاف دل اور مستقیم عادتیں مانگتا ہوں

خُلُقًا مُّسْتَقِیْمًا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ وَ

اور تیری پناہ لیتا ہوں ان باتوں کی برائی سے جن کو تو جانتا ہے اور تجھ سے مانگتا ہوں ان باتوں

اَسْئَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا تَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ مِمَّا تَعْلَمُ

کی بھلائی جن کا تجھ کو علم ہے اور جو گناہ تیرے علم میں ہوں ان سے بخشش کا طالب ہوں

إِنَّكَ أَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ ۝ اَللّٰهُمَّ أَلِّفْ بَيْنَ

یقیناً تو پوشیدہ باتوں کا پورا پورا جاننے والا ہے۔ اے اللہ تو ہمارے دلوں میں

قُلُوبِنَا وَأَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا وَاهْدِنَا سُبُلَ

باہم محبت پیدا کردے اور ہماری آپس کی رنجشوں کی اصلاح فرمادے اور ہم کو سلامتی کے

السَّلَامِ وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ وَجَنِّبْنَا

راستے دکھلا اور نور عطا فرما کر تاریکیوں سے نجات دے اور بے حیائیوں سے ہمکو بچالے

الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَبَارِكْ لَنَا فِي

جو ان میں کھلی ہوئی ہیں اور جو پوشیدہ ہیں اور ہمارے کانوں میں اور آنکھوں میں اور دلوں

أَسْمَاعِنَا وَأَبْصَارِنَا وَقُلُوبِنَا وَأَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا

میں اور ہماری بیبیوں میں اور بچوں میں برکت عطا فرما اور ہماری توبہ قبول کر کیونکہ

وَتُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ۝ وَاجْعَلْنَا

تو ہی سب سے بڑا توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔ اور ہم کو اپنی نعمتوں کا شکر گذار

شَاكِرِينَ لِنِعْمَتِكَ مُثْنِينَ بِهَا قَابِلِيهَا وَأَتِمَّهَا

اور ان پر تعریف کرنے والا اور اس کا قبول کرنے والا بنادے اور ہمارے اوپر اپنی نعمت

عَلَيْنَا ۔ اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا تَحُولُ

پوری فرمادے اے اللہ ہمیں نصیب فرما اپنا اتنا خوف جس کی وجہ سے تو ہمارے درمیان اور

بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعَاصِيكَ وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا

اپنی نافرمانیوں کے درمیان حائل ہوجائے اور اپنی اتنی فرمانبرداری عطا فرما جسکے سبب تو ہمکو

بِهٖ جَنَّتَكَ وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ بِهٖ عَلَيْنَا

اپنی جنت تک پہنچادے اور وہ یقین دے جسکی وجہ سے تو دُنیا کی مصیبتوں کا جھیلنا ہم پر آسان

مَصَآئِبَ الدُّنْيَا وَمَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَ

کردے اور جب تک ہم کو زندہ رکھے ہمارے کانوں اور ہماری آنکھوں اور ہماری قوت سے ہم کو

قُوَّتِنَا مَآ اَحْيَيْتَنَا وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا وَاجْعَلْ

فائدہ اٹھانے کا موقع عطا فرما اور ہماری زندگی تک انکو قائم رکھ کر ہمارا وارث بنا اور ہمارا بدلہ

ثَارَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا وَلَا

صرف ان لوگوں میں دائر کردے جو ہم پر ظلم کریں اور ہماری مدد فرما ان لوگوں کے مقابلے میں جو ہم

تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنَا فِيْ دِيْنِنَا وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا

سے دشمنی رکھیں اور ہماری مصیبت ہمارے دین پر نہ ڈال اور دُنیا کو ہمارا بڑا مقصد نہ بنا اور نہ

اَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ

اس کو ہمارے علم کی انتہا پرواز بنا اور جو ہمارے اُوپر رحم نہ کھائے اس کو ہم پر مسلط

لَّا يَرْحَمُنَا. اَللّٰهُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا وَاَكْرِمْنَا

نہ فرما۔ اے اللہ ہم کو بہت دے اور کم نہ کر اور ہمیں عزت دے اور ذلیل نہ کر اور ہمکو عطا فرما

وَلَا تُهِنَّا وَاَعْطِنَا وَلَا تَحْرِمْنَا وَاٰثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ

اور محروم نہ رکھ اور ہم کو ترجیح دے اور ہم پر دوسروں کو ترجیح نہ دے اور ہم کو اپنے

عَلَيْنَا وَارْضَ عَنَّا عَنْكَ وَارْضَ عَنَّا. اَللّٰهُمَّ اَلْهِمْنِي

سے راضی کردے اور تو ہم سے راضی ہوجا، الٰہی میری بھلائی میرے

رُشْدِي وَاَعِذْنِي مِنْ شَرِّ نَفْسِي. اَللّٰهُمَّ اِنِّي

دل میں ڈال دے اور مجھ کو میرے نفس کی بدی سے بچالے، الٰہی میں تجھ سے

اَسْئَلُكَ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ وَحُبَّ

مانگتا ہوں اچھے کاموں کا کرنا اور برے کاموں کا چھوڑ دینا اور مسکینوں

الْمَسَاكِيْنِ وَاَنْ تَغْفِرَ لِيْ وَتَرْحَمَنِيْ وَاِذَا اَرَدْتَّ بِقَوْمٍ

کی محبت اور یہ بات بھی کہ تو مجھ کو بخشدے اور مجھ پر رحم فرما اور جب تو

فِتْنَةً فَتَوَفَّنِيْ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

کسی قوم کی آزمائش کا ارادہ فرمائے تو مجھ کو آزمائے بغیر اٹھالینا۔ الٰہی میں تجھ سے مانگتا ہوں

حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ وَالْعَمَلَ الَّذِيْ يُبَلِّغُنِيْ

تیری محبت اور اس شخص کی محبت جو تجھ سے محبت رکھتا ہو اور وہ کام جو مجھ کو تیری محبت

حُبَّكَ. اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ نَّفْسِي

نصیب کرے، الٰہی میرے دل میں اپنی محبت اپنی جان اپنے گھر والے اور ٹھنڈے

وَاَهْلِیْ وَمِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ. اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِیْ حُبَّكَ

پانی کی محبت سے بھی زیادہ پیاری بنادے۔ الٰہی مجھ کو اپنی محبت دے اور اس کی محبت

وَحُبَّ مَنْ یَّنْفَعُنِیْ حُبُّهٗ عِنْدَكَ. اَللّٰهُمَّ فَكَمَا

دے جس کے ساتھ محبت میرے لئے تیرے دربار میں کارآمد ہو، الٰہی جیسا تو نے مجھ کو میری

رَزَقْتَنِیْ مِمَّآ اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ قُوَّةً لِّیْ فِیْمَا تُحِبُّ.

پسندیدہ نعمتیں عطا فرمادیں تو اب انکو ایسے کاموں کی ادائیگی میں قوت کا باعث بھی بنادے جو تجھکو پسند ہوں

اَللّٰهُمَّ وَمَا زَوَیْتَ عَنِّیْ مِمَّآ اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ فَرَاغًا

الٰہی جن میری پسندیدہ نعمتوں کو تو نے مجھ سے روک لیا ہے تو اب انکے خیال سے بھی تو میرے دل کو خالی

لِّیْ فِیْمَا تُحِبُّ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِكَ.

کر کے ایسے کاموں میں لگادے جو تجھکو پسند ہوں، اے دلوں کے پلٹنے والے میرے دل کو اپنے دین پر جمائے رکھ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ اِیْمَانًا لَّا یَرْتَدُّ وَنَعِیْمًا لَّا یَنْفَدُ

الٰہی میں تجھ سے ایسا ایمان مانگتا ہوں جو نہ چھوٹے اور اس نعمت کا طالب ہوں جو ختم نہ ہو اور اپنے نبی

وَمُرَافَقَةَ نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقت چاہتا ہوں جنت کے سب سے اونچے درجے میں جو ہمیشہ رہنے

اَعْلٰی دَرَجَةِ الْجَنَّةِ جَنَّةِ الْخُلْدِ. اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِیْ

کی جنت ہے۔ الٰہی جو علم تو نے مجھ کو سکھایا ہے اس سے تو مجھکو نفع بھی دینا اور وہ علم سکھلانا

بِمَا عَلَّمْتَنِیْ وَعَلِّمْنِیْ مَا یَنْفَعُنِیْ وَزِدْنِیْ عِلْمًا.

جو مجھ کو نفع ہی نفع دے اور مجھ کو اور زیادہ علم عطا فرما، تمام تعریف

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ وَّاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ

اللہ تعالیٰ کے لئے ہے ہر حالت میں اور میں اللہ تعالیٰ کی پناہ لیتا

حَالِ اَھْلِ النَّارِ. اَللّٰھُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَیْبَ وَ

ہوں دوزخیوں کے حال سے۔ الٰہی اپنے علمِ غیب کی برکت سے اور مخلوق

قُدْرَتِكَ عَلَی الْخَلْقِ اَحْیِنِیْ مَا عَلِمْتَ الْحَیٰوۃَ

پر اپنی قدرت کے وسیلے سے مجھ کو زندہ رکھنا اس وقت تک جب تک تو میری زندگی

خَیْرًا لِّیْ وَتَوَفَّنِیْ اِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاۃَ خَیْرًا لِّیْ، وَ

میرے لئے بہتر جانے اور مجھکو اٹھا لینا۔ اس وقت جب تو میرے لئے مرنا بہتر جانے۔

اَسْئَلُكَ خَشْیَتَكَ فِی الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ وَكَلِمَۃَ

الٰہی میں تجھ سے مانگتا ہوں تیرا ڈر غائب اور حاضر ہر حالت میں اور اخلاص

الْاِخْلَاصِ فِی الرِّضَاءِ وَالْغَضَبِ، وَاَسْئَلُكَ الْقَصْدَ

کی بات خوشی میں بھی غصہ میں بھی اور تجھ سے میانہ روی کا

فِی الْفَقْرِ وَالْغِنٰی وَاَسْئَلُكَ نَعِیْمًا لَّا یَنْفَدُ

طالب ہوں تنگدستی میں بھی اور دولت مندی میں بھی اور تجھ سے

وَقُرَّةَ عَيْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ وَأَسْئَلُكَ الرِّضَاءَ بِالْقَضَاءِ

مانگتا ہوں وہ نعمت جو ختم نہ ہو اور آنکھ کی وہ ٹھنڈک جو زائل نہ ہو اور تجھ سے تیرے حکم پر

وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَلَذَّةَ النَّظَرِ إِلَى وَجْهِكَ

خوش رہنا، اور مرنے کے بعد آرام کی زندگی مانگتا ہوں اور تیرے روئے (انور) کے دیدار کی لذت

وَالشَّوْقَ إِلَى لِقَائِكَ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ

اور تیری ملاقات کے شوق کا طلب گار ہوں اور تیری پناہ لیتا ہوں ایسی مصیبت سے جو

وَّفِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ. اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ

نقصان رساں ہو، اور ایسے فتنے سے جو گمراہ کر دے، الٰہی میں تجھ سے ہر بھلائی مانگتا ہوں جو

كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَآجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ أَعْلَمْ.

جلدی ملنے والی ہو اور جو دیر میں ملنے والی ہو، اور جس کو میں جانتا ہوں اور جسکو نہیں جانتا

وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَآجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ

اور تجھ سے تمام برائیوں سے پناہ چاہتا ہوں جو جلدی ملنے والی ہے اور جو دیر میں ملنے والی ہے جس

مِنْهُ وَمَا لَمْ أَعْلَمْ. اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ الْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ

کو میں جانتا ہوں اور جس کو نہیں جانتا۔ اے اللہ میں تجھ سے جنت مانگتا ہوں اور ہر وہ قول

إِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ أَوْ عَمَلٍ وَّأَعُوذُ بِكَ مِنَ النَّارِ وَمَا قَرَّبَ

و عمل جو مجھ کو اس سے قریب کر دے اور تیری پناہ لیتا ہوں دوزخ کے عذاب سے اور ہر اس

اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ وَّ اَسْئَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ كُلَّ

قول وعمل سے جو مجھ کو اس سے قریب کردے اور تجھ سے سوال کرتا ہوں یہ کہ تو ہر فیصلہ میرے

قَضَآءٍ لِّیْ خَیْرًا وَّ اَسْئَلُكَ مَا قَضَیْتَ لِیْ مِنْ اَمْرٍ اَنْ

حق میں بہتر کردے اور تجھ سے یہ سوال کرتا ہوں کہ جو فیصلہ بھی تو میرے حق میں فرما چکا

تَجْعَلَ عَاقِبَتَهٗ رُشْدًا ۔ اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِی

ہو تو اس کا انجام بہتر بنا دینا، الٰہی ہمارے تمام کاموں کا انجام بہتر فرما

الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَ اَجِرْنَا مِنْ خِزْیِ الدُّنْیَا وَ عَذَابِ

اور ہمکو دُنیا کی رُسوائی اور آخرت کے عذاب سے

الْاٰخِرَةِ ۔ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِیْ بِالْاِسْلَامِ قَآئِمًا وَّ

پناہ دینا۔ الٰہی میری نگرانی فرمانا اسلام پر قائم رکھ کر جب میں کھڑا

احْفَظْنِیْ بِالْاِسْلَامِ قَاعِدًا وَّ احْفَظْنِیْ بِالْاِسْلَامِ

ہوں اور میری نگرانی فرمانا اسلام پر قائم رکھ کر جب میں بیٹھا ہوں اور جب سوتا

رَاقِدًا وَّ لَا تُشْمِتْ بِیْ عَدُوًّا وَّ لَا حَاسِدًا ۔ اَللّٰهُمَّ

ہوں اور مجھ پر کسی دشمن یا حاسد کو ہنسی اڑانے کا موقع نہ دینا، اے اللہ میں

اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ كُلِّ خَیْرٍ خَزَآئِنُهٗ بِیَدِكَ وَ

تجھ سے مانگتا ہوں ہر قسم کی بھلائی جس کے خزانے تیرے ہاتھ میں ہیں، اور

اَعُوْذُ بِكَ مِنْ كُلِّ شَرٍّ خَزَآئِنُهٗ بِيَدِكَ وَاَعُوْذُ

تیری پناہ لیتا ہوں تمام برائیوں سے جن کے خزانے تیرے ہاتھ میں ہیں اور تیری پناہ

بِكَ مِنْ شَرِّ مَآ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهٖ ۔ اَللّٰهُمَّ

لیتا ہوں اس چیز کے شر سے بھی جس کی پیشانی کو تو نے پکڑ رکھا ہے، الٰہی میں تجھ سے

اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ عِيْشَةً نَّقِيَّةً وَّمِيْتَةً سَوِيَّةً وَّ

چاہتا ہوں صاف زندگی اور آسان موت اور

مَرَدًّا غَيْرَ مَخْزِيٍّ وَّلَا فَاضِحٍ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ

ایسی لوٹنے کی جگہ جہاں نہ رسوائی ہو نہ خواری، الٰہی میں

ضَعِيْفٌ فَقَوِّنِيْ فِيْ رِضَاكَ ضَعْفِيْ وَخُذْ اِلَى

کمزور ہوں تو اپنی رضا جوئی میں میری کمزوری کو قوت سے بدل دے اور

الْخَيْرِ بِنَاصِيَتِيْ وَاجْعَلِ الْاِسْلَامَ مُنْتَهٰى

بھلائی کی طرف میری پیشانی پکڑ کر لے چل اور اسلام کو میری خوشی کا مرکز

رِضَائِيْ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ضَعِيْفٌ فَقَوِّنِيْ وَاِنِّيْ

بنا دے۔ الٰہی میں تو کمزور ہوں تو مجھے قوی بنا دے، میں تو

ذَلِيْلٌ فَاَعِزَّنِيْ وَاِنِّيْ فَقِيْرٌ فَارْزُقْنِيْ ۞

ذلیل ہوں تو مجھے عزت والا بنا دے، میں تو محتاج ہوں تو مجھے رزق عطا فرما۔